سیرتِ پیمبر (ص) کوئز مقابلہ

1) غنائم خیبر کن افراد کے لیئے مخصوص تھے خدا کے حکم کے مطابق بیان کریں۔

- اہلِ ایمان
- اہلِ حدیبیہ ☑
- اہلِ مدینہ

2) غزوہ بدر میں امیر المومنین علیہ السلام کے ہاتھوں ہندہ کا جو بیٹا مارا گیا اس کا نام کیا ہے؟

- حنظلہ ☑
- معاویہ
- سعد

3) مقوقس نے رسول (ص) کو 11 ہدیے بھیجے جن میں سے طبیب کا ہدیہ رسول (ص) نے قبول نہیں کیا اس کی کیا وجہ بتائی؟

- طبیب عیسائی تھا اور مسلمانوں کی جان کا معاملہ اس کے سپرد نہیں کرنا چاہتے تھے۔
- اسلام کے صحت کے اصول پہ عمل پیرا ہونے کی وجہ سے طبیب کی ضرورت نہیں تھی۔
- دیگر دونوں جوابات درست ہیں ☑

4) سورہ عادیات امیر المومنینؑ کی شان میں کس جنگ کی فتح یابی کی صورت میں نازل ہوئی؟

- جنگِ خیبر
- جنگِ ذات السلاسل ☑
- جنگِ حنین

5) جیش العسرۃ سے کیا مراد ہے؟

- سختیوں والا لشکر ☑
- فتح ونصرت والا لشکر
- آسانیوں والا لشکر

6) اُس غزوہ کا نام بتائیں جس میں امیر المومنینؑ شریک نہیں ہوئے؟

غزوہِ احد

غزوہِ خندق

غزوہِ تبوک ☑

7) رسول(ص) نے سب سے پہلی نماز جمعہ کہاں ادا کی؟

- مسجدِ قبا
- محلہ بنی سالم ☑
- مسجد ضرار

8) کون سی سورہ کی آیت کے مطابق فدک کی زمین پیغمبرؐ کی خاص ملکیت تھی۔

- سورہ حشر ☑
- سورہ حدید
- سورہ محمد

9) یہ جملہ کس امام معصومؑ کا ہے۔ خدا نے اپنے پاک بندوں کو آیتِ مباہلہ میں مشخص کر دیا۔

- امام جعفر صادق علیہ السلام
- امام موسیٰ کاظم علیہ السلام
- امام علی رضا علیہ السلام ☑

10) جناب زید جسے رسولؐ نے آزاد کرنے کے بعد اپنا بیٹا بنالیا کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جنگِ تبوک

جنگِ حنین

جنگِ موتہ ☑

11) بعض مؤرخین کی تحقیق کے مطابق جنگِ احد میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام کے جسم پر کتنے زخم آئے؟

- ساٹھ60 ☑
- ایک سو100
- ایک سو ساٹھ160

12) اس کے بدن سے اتنی بدبو آرہی تھی کہ لوگ اس کے نزدیک جانے کی جرأت نہیں کرتے تھے۔ کس دشمنِ اسلام کا یہ انجام ہوا؟

- ابوجہل
- ابولہب ☑
- ابوسفیان

13) جنگِ احزاب میں لشکرِ قریش کی تعداد کتنی بتائی گئی ہے؟

- دس ہزار جنگجو
- چار ہزار جنگجو ☑
- تین ہزار جنگجو

14) صلحِ حدیبیہ میں کون مشرکین کا نمائندہ تھا؟

- سہیل ابنِ مسعود ثقفی
- سہیل ابنِ عبدود
- سہیل ابنِ عمرو ☑

15) اس وقت کو یاد کرو جب وہ تمہارے شہر کے اوپر اور نیچے سے داخل ہو گئے اور مدینہ کو اپنے محاصرہ میں لے لیا۔ قرآن کی یہ آیت کس جنگ کی منظر کشی کر رہی ہے۔

- جنگِ بدر
- جنگِ احزاب ☑
- جنگِ اُحد

16) جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیبیہ سے واپس لوٹے تو کون سی سورۃ نازل ہوئی؟

- سورۃ الفتح ☑
- سورۃ المجادلہ
- سورۃ الممتحنہ

17) پیغمبرؐ کس جنگ کی فتح کے بعد خوش تھے کہ حبشہ سے جعفر پلٹے اور پیغمبرؐ کی خوشی دوبالا ہوئی؟

- جنگِ اُحد
- جنگِ خیبر ☑
- جنگِ بدر

18) پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قاصدِ وحی کو آسمان پر یہ کہتے ہوئے دیکھا "لا سیف اِلّا ذوالفقار ولا فتیٰ اِلّا علی"۔ یہ ارشاد کس معصوم سے نقل کیا گیا ہے؟

- امام جعفر صادق علیہ السلام ☑
- امام علی رضا علیہ السلام
- امام حسن عسکری علیہ السلام

19) جنگِ احد کے اختتام پر بعض وجوہات کی بناء پر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لشکر کو (بمعہ زخمیوں کے) دوسری جنگ کے لیے فوراً آمادہ ہونے کا حکم دیا اس جنگ کے لیے لشکرِ اسلام نے کس مقام پر پڑاوٗ ڈالا اور یہ مقام مدینہ منورہ سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟

- حمراء الاسد اور آٹھ میل کے فاصلے پر ☑
- یانج اور تیس میل کے فاصلے پر
- ذی الحلیفہ اور پندرہ میل کے فاصلے پر

20) عمرو ابنِ عبدود کی بہن نے اپنے بھائی کی لاش کو دیکھ کر کیا کہا؟

- میں اعتراف کرتی ہوں کہ اس کا قاتل عظیم اور بزرگوار شخص ہی تھا
- میں اعتراف کرتی ہوں کہ اس کا قاتل کریم اور بزرگوار شخص ہی تھا ☑
- میں اعتراف کرتی ہوں کہ اس کا قاتل عظیم اور کریم شخص ہی تھا

21) کیا یہ چیز قرآن میں ہے کہ تمہاری بیٹی تمہاری وارث بنے لیکن میں اپنے باپ کی میراث نہ لوں۔ حضرت فاطمہ (س) نے یہ جملا کس کو مخاطب کر کے کہا؟

حضرت ابو بکر ☑

حضرت عمر

دیگر دونوں جواب درست ہیں

22) حضرت ابو بکر اسلام لانے میں سبقت نہیں رکھتے۔ ابن ابی الحدید اس بارے میں کیا دلیل پیش کرتے ہیں؟

- حضرت ابو بکر نے خود اپنی فضیلت کے لیے استدلال کیوں پیش نہیں کیا۔
- نہ ان کے حامی صحابہ نے دعوی کیا۔
- دیگر دونوں جوابات درست ہیں ☑

23) رسول اللہ کے مطابق صدیق اکبر کس کا لقب ہے؟

- حضرت ابو بکر
- حضرت عمر
- حضرت علی علیہ السلام ☑

24) اللہ تعالی نے فرمایا کوئی بھی چیز میرے نزدیک۔۔۔۔۔۔۔۔ کرنے اور جو کچھ میں نے تقسیم کر کے دیا ہے اس پر۔۔۔۔۔۔۔ ہونے سے بہتر نہیں۔

- معاف۔۔ راضی
- توکل۔۔ راضی ☑
- راضی۔۔ توکل

25) میرے دوش پر پاؤں رکھ کر اوپر چڑھ جائیں اور بتوں کو زمین پر گرا کر توڑ ڈالیں۔ رسول اللہؐ نے یہ حکم کس کو دیا؟

- امام علیؑ ☑
- حضرت ابو طالبؑ
- حضرت حمزہ

26) میں یہ چاہتا تھا کہ آپؐ کو معلوم ہو جائے کہ میں کس طرح آپ کا اطاعت گزار ہوں اور احمد مجتبیٰؐ کی نصرت کے لیے امادہ ہوں؟ یہ جملہ کس نے کب کہا؟

- حضرت ابو بکر نے مدینہ منورہ میں
- فرشتے نے غار حرا میں
- حضرت علی علیہ السلام نے شعب ابی طالب میں ☑

27) حضرت ابو طالب مومن نہیں تھے۔ یہ تہمتیں آپ پر کیوں لگائی گئیں؟ مورخین کا نظریہ کیا ہے؟

- سیاسی ضرورت کی وجہ سے
- کیونکہ اپ حضرت علی کے والد تھے۔
- دیگر دونوں جوابات درست ہیں ☑

28) رسول اللہؐ کے مبعوث ہونے کے بعد مسلمان مکے میں کتنے سال تک بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے رہے؟

- چند سال
- تیرہ۔13 سال ☑
- چند مہینے

29) کس مسجد کے قریب منافقین نے مسجد ضرار بنائی تھی؟

- مسجد نبوی
- مسجد قبا ☑
- مسجد جن

30) مبارک ہو! مبارک ہو! اے فرزند ابو طالب، کہ آپ میرے اور تمام صاحبان ایمان مردوں اور عورتوں کے مولا اور رہبر ہوگئے۔ یہ جملے کس کے ہیں؟

حضرت ابو بکر

حضرت عمر

دیگر دونوں جواب درست ہیں ☑